© rasailojaraid.com

ایک مثالی طالب علم کو کن صفات وعادات کا حامل ہونا چاہئے، وہ کون سے آداب ہیں جن کو اختیار کرنے سے ایک طالب علم مستقبل کا رازی، غزالی، شیبانی، کشمیری و مدنی بن سکتا ہے۔ حصول علم کے شرائط وضوابط کیا ہیں، استاذ کے ساتھ طالب کا کیا رویہ ہونا چاہئے، استاذ و طالب علم کے باہمی رشتہ کس نوعیت کا ہے، اس بابت طالب علم کی کیا ذمہ داریاں ہیں......؟؟ ان تمام سوالوں کے جواب آپ کو زیر نظر کتابچہ میں ملیں گے...... مدارس، اسکول و کالج کے طلبہ کے لئے یہ انمول تحفہ ہے۔ امید ہے اس کا مطالعہ طلبہ کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔

کتاب کی کمپوزنگ و سیٹنگ میں سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

**قرآن میں کیا ھے؟** : تالیف: ابن غوری۔ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی۔ ضخامت: 1109 صفحات پر مشتمل دو حصے، سائز: 23x36/16۔ قیمت: سادہ ایڈیشن 500، اعلیٰ ایڈیشن 900۔

محترم ابن غوری صاحب ایک معروف صاحب فکر اور دردِ دل رکھنے والے قلم کار ہیں۔ ہندوستان کے علمی حلقوں میں ان کا نام نہایت جانا پہچانا ہے۔ چبھتی ہوئی تحریر لکھنا اور چند الفاظ میں بڑے سے بڑے مضمون کو دل نشین انداز میں بیان کرنا انہی کا خاصہ ہے۔ زیر نظر کتاب بھی انہی کی علمی کاوش ہے۔ کتاب کا تعارف کرتے ہوئے حضرت مولانا ابوالحسن علی ندویؒ نے لکھا ہے: ''قرآن کے مضامین وافادات کو اردو داں حلقہ تک پہنچانے کی بہت سی قابل قدر کوششیں ہو چکی ہیں۔ اس سلسلے کی ایک کڑی جناب ابن غوری صاحب کی کتاب ''قرآن میں کیا ہے؟'' بھی ہے۔ موصوف نے سورۂ فاتحہ سے لے کر سورۂ انفال تک تفسیری افادات اس مجموعے میں شامل کئے ہیں۔ آیات وافادات کے انتخاب میں تذکیر ودعوت اور عبرت پذیری کا پہلو غالب ہے۔ احتیاط یہ برتی ہے کہ ترجمے اور تفسیری افادات اردو کی دو مستند تفسیروں معارف القرآن (مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ) اور تفسیر ماجدی (مولانا عبدالماجد دریابادی رحمہ اللہ تعالیٰ) سے اخذ کئے ہیں۔ اس طرح یہ مجموعہ مضامین قرآن کا حسین گلدستہ بن گیا ہے۔''

فاضل مؤلف نے کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصہ سورۂ فاتحہ تا سورۂ عنکبوت، جب کہ دوسرا حصہ باقی سورتوں کے احکام، مضامین، وقائع، عبر، مواعظ وغیرہ پر مشتمل ہے۔ فاضل مؤلف کا اسلوب اس قدر سہل وعام فہم ہے کہ ایک ہی نظر میں سورت کا خلاصہ اور اس کے مضامین سے واقفیت ہو جاتی ہے۔ ان کی اردو شستہ، رواں اور ادبی چاشنی سے معمور ہے اور انداز بیان اتنا دل نشین ہے کہ پڑھنے والے کو اپنے ساتھ بہا کر لے جاتا ہے۔ یہ کتاب ہر مسلمان گھرانے کی زینت ہونی چاہئے۔ امید ہے اردو خواں طبقہ اس کی کما حقہ پذیرائی کرے گا۔ کتاب کی اشاعت وطباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ، ٹائٹل سب معیاری ہیں۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com